| Narration | Time |
|---|---|
| لبرے آفس بیس پر اس سپوکن ٹیوٹوریل میں آپ کا استقبال ہے. | 00:03 |
| اس ٹیوٹوریل میں، ہم سیکھیں گے کہ کس طرح ایک فارم میں List Box form control داخل کریں. | 00:06 |
| گزشتہ ٹیوٹوریل میں ہم نے سیکھا تھا کہ کس طرح لبرے آفس بیس کا استعمال کرتے ہوئے فارم میں ترمیم کریں. | 00:14 |
| ہم نے گزشتہ ٹیوٹوریل میں فارم کی اس تصویر کو بھی دیکھا تھا جسے ہم نے بنانا اور اس میں تبدیلی کرنا شروع کیا تھا. | 00:20 |
| اور جب ہماری ڈیزائن پوری ہو جاتی ہے، ہمارا فارم اس طرح سے نظر آئے گا. | 00:34 |
| یہاں نوٹ کریں، ہم Books Issued ٹیبل میں پہلا ریکارڈ دیکھ رہے ہیں. | 00:45 |
| اور، ہم لسٹ بکسیس میں book Ids اور member Ids کے بجائے اصلی book titles اور member names دیکھ رہے ہیں. | 00:52 |
| یہاں ریکارڈ کو سیو کرنا، تبدیلیوں کو انڈو کرنا وغیرہ جیسے کاموں کو کرنے کے لئے نیچے کچھ push بٹن ہیں. | 01:01 |
| لہذا اس ٹیوٹوریل میں، ہم سیکھیں گے کہ کس طرح آپ کے فارم میں List box form control داخل کریں. | 01:11 |
| چلیئے سب سے پہلے لبرے آفس بیس پروگرام کھولتے ہیں، اگر وہ پہلے سے نہیں کھلا ہے. | 01:20 |
| اور اپنا Library ڈیٹا بیس کھولتے ہیں. | 01:32 |
| اگر بیس پہلے ہی کھلا ہے، تو ہم Library ڈیٹا بیس یہاں File مینو کے اندر Open پر کلک کر کے کھول سکتے ہیں. | 01:35 |
| یا File مینو کے اندر Recent Documents پر کلک کر کے. | 01:45 |
| اب ہم Library ڈیٹا بیس میں ہیں. | 01:50 |
| چلیئے 'Books Issued to Members' فارم کو کھولتے ہیں جسے ہم نے گزشتہ ٹیوٹوریل میں بنایا تھا. | 01:54 |
| یہ کرنے کے لئے، چلیئے بائیں پینل پر Forms آئکن پر کلک کرتے ہیں. | 02:01 |
| اور دائیں پینل پر 'Books Issued to Members' فارم پر دایاں کلک، اور پھر edit پر کلک کریں. | 02:07 |
| ہم فارم Design ونڈو میں ہیں. | 02:17 |
| چلیئے سب سے پہلے 'Book Title' لیبل کو دیکھتے ہیں. | 02:21 |
| توجہ دیجیئے ٹیکسٹ بکسیس یہاں صرف BookId نمبر دکھائے گا جو کہ ہمارے دیکھنے کیلئے زیادہ موافق نہیں ہے. | 02:25 |
| ہمارے لئے، books titles زیادہ موزون ہیں. | 02:33 |

| | |
|---|---|
| 02:37 | اوراس لئے، ان titles کوظاہر کرنے کے لئے، بیس کچھ طریقے فراہم کرتا ہے، اوران میں سے ایک طریقہ ہے List box form control کا استعمال کرنا. |
| 02:48 | چلیئے دیکھتے ہیں کس طرح. |
| 02:51 | اس کے لئے، چلیئے سب سے پہلے Book Title label کے ساتھ والے ٹیکسٹ باکس کو حذف کرتے ہیں. |
| 02:59 | ہم یہ ٹیکسٹ باکس پر کلک کر کے کر سکتے ہیں جو اسے جانے پہچانے سبز بکسیس کے گروپ سے منتخب کریگا |
| 03:09 | پھر دایاں کلک اور پھر نیچے 'Cut' پر کلک کر کے. |
| 03:16 | یہاں، ہم نے ٹیکسٹ باکس ہٹالیا ہے. |
| 03:20 | اب، ہم یہاں ایک List box form control رکھیں گے. |
| 03:26 | اس تک Form Controls ٹول بار سے رسائی کر سکتے ہیں. |
| 03:31 | ہم اس کو View مینو اور Form Controls پر کلک کر کے لا سکتے ہیں. |
| 03:39 | توجہ دیجیئے کہ بیس ہمیں کئی قسم کے form controls فراہم کرتا ہے؛ چلیئے ٹول ٹپس کو پڑھنے کے لئے اپنا کرسر ان آئکنس کے اوپر رکھتے ہیں. |
| 04:01 | اپنا list box آئکن تلاش کرتے ہیں. |
| 04:04 | وہ یہاں ہے، اس کے آئکن پر صرف ایک بار کلک کرتے ہیں. |
| 04:11 | اور ماؤس پوائنٹر کو فارم میں لے چلتے ہیں؛ توجہ دیجیئے کہ یہ ایک پتلے پلس نشان میں بدل گیا ہے. |
| 04:21 | اب ہم اپنے فارم میں لسٹ باکس فارم کنٹرول بنا سکتے ہیں. |
| 04:26 | اس کے لئے، ہم آپ کے فارم میں صرف کلک، ڈریگ اور ڈراپ کریں گے. |
| 04:34 | اسے وہاں رکھتے ہیں جہاں ہم نے پہلے ٹیکسٹ باکس ہٹا دیا تھا. |
| 04:39 | توجہ دیجیئے کہ 'List Box Wizard' نام کا ایک نیا وِزارڈ Form design ونڈو کے اوپر کھل گیا ہے. |
| 04:48 | اب، یہ وِزارڈ ہمیں Book title لیبل میں لسٹ باکس شامل کرنے میں مدد کرے گا. |
| 04:56 | چلیئے دیکھتے ہیں کس طرح. |
| 04:58 | اس wizard میں، سب سے پہلے، ٹیبل کا انتخاب کرتے ہیں جہاں سے ہمیں book titles ملیں گے. |
| 05:07 | ہم لسٹ سے Books table منتخب کریں گے اور Next کے بٹن پر کلک کرتے ہیں. |
| 05:15 | اب، اس ونڈو میں، ہمیں فیلڈ انتخاب کرنے کی ضرورت ہے جو کہ List box میں دکھایا جائے گا. |

| | |
|---|---|
| 05:24 | اورہم جانتے ہیں کہ titleفیلڈ book titles کوجمع کرتا ہے. |
| 05:29 | لہذا اگلے مرحلہ پر چلتے ہیں. |
| 05:32 | یہ آخری ونڈو ہے جہاں ہم کچھ جادو کریں گے. |
| 05:37 | ہم متعلقہ tablesاور fields کوجوڑیں گے |
| 05:41 | فیلڈ کے نام کودیکھیے .بائیں طرف 'Fields in the Value table' books Issuedٹیبل کے فیلڈس ہیں. |
| 05:52 | اوردائیں طرف 'Fields in the list table' Books tableکے فیلڈس ہیں. |
| 05:59 | ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ book id ، books ٹیبل میں اہم فیلڈ ہےاور Books Issued tableمیں دکھائی گئی ہے. |
| 06:10 | لہذا ہم بائیں طرف کی فہرست،جو 'Field from the value table' ہے میں سے book idپرکلک کریں گے. |
| 06:19 | اور پھر ہم دائیں طرف کی فہرست،جو 'Field from the list table' ہے میں سے book idپرکلک کریں گے. |
| 06:29 | اس وزارڈ کو بند کرنے کے لئے Finishکے بٹن پرکلک کریں. |
| 06:34 | یہاں ہم نے متعلقہ tablesاور fields کوشامل کیا ہے. |
| 06:40 | اب بیس List Boxمیں خودکارطریقے سے Book titlesظاہرکریگا |
| 06:46 | اب فارم سیوکرتے ہیں. |
| 06:49 | اوراس ونڈوکو بندکرتے ہیں. |
| 06:52 | بیس ٹیوٹوریَل کے اگلے حصہ میں، ہم اپنے فارم میں باقی کے فارم کنٹرولس کوشامل کرنا جاری رکھیں گے. |
| 07:00 | اورہمارافارم اس طرح سے نظرآئے گا، جب ہم ختم کرلیں گے. |
| 07:06 | ایک مشق. |
| 07:08 | غیردوستانہ member Idsکے بجائے member namesکے لئے دوسرالسٹ باکس جوڑیں. |
| 07:17 | لسٹ باکس کے مقام کے لئے ابھی فکرنہ کریں .صرف اس کو Member nameلیبل کے بائیں طرف بنائیے. |
| 07:27 | ہم اپنے اگلے ٹیوٹوریَل میں اس کو Member Nameکے آگےمناسب جگہ پربحال کریں گے. |

| | |
|---|---|
| 07:34 | اب ہم لبرے آفس بیس میں لسٹ باکس کنٹرول پر ٹیوٹوریل کے اختتام پر آ گئے ہیں. |
| 07:40 | مختصر میں : ہم نے سیکھا کہ کس طرح :ایک فارم میں ایک لسٹ باکس فارم کنٹرول شامل کریں. |
| 07:47 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک -ٹو -ا - ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے . جسے حکومت ہند کے ایمپچارڈی وزارت کے قومی خواندگی مشن نے آئی سی ٹی(ICT) کے ذریعے حمایت کی ہے. |
| 07:58 | اس پروجیکٹ کی معاونت http://spoken-tutorial.org نے کی ہے. |
| 08:04 | اس پر مزید معلومات درج ذیل لنک پر دستیاب ہیں http://spoken-tutorial.org/NMEICT-Intro . |
| 08:08 | اِس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، ہمارے شریک ہونے کیلئے بہت شکریہ |